روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
بدھ 6 مارچ 2013ء 23ربیع الثانی 1434 ہجری 6/امان 1392 ہش جلد 63-98 نمبر 53

## طاعت میں سعادت

جو کچھ ہمیں ہے راحت سب اس کی جود مِنّت
اس سے ہے دل کی بیعت دل میں ہے اس کی عظمت
بہتر ہے اس کی طاعت۔ طاعت میں ہے سعادت
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

(درثمین)

# ارشادات عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

**امام ڈھال ہے:** حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

امام ڈھال ہے جس کی قیادت اور اطاعت میں دشمن سے لڑائی کی جاتی ہے اور دشمن کے حملوں سے بچا جاتا ہے۔ (صحیح بخاری کتاب الجہاد باب یقاتل من وراء الامام حدیث نمبر 2737)

**کوئی عذر نہیں ہوگا:** حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

جس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے اپنا ہاتھ کھینچا وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ نہ اس کے پاس کوئی دلیل ہوگی نہ عذر۔ اور جو اس حال میں مرا کہ اس نے امام وقت کی بیعت نہیں کی تھی تو وہ جاہلیت اور گمراہی کی موت مرے گا۔ (صحیح مسلم کتاب الاماره باب و جوب ملازمة جماعة المسلمین حدیث نمبر:3441)

**سب سے بڑی غداری:** حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ہر عہد شکن کیلئے قیامت کے دن ایک جھنڈا گاڑا جائے گا۔ اور سب سے بڑی عہد شکنی اور غداری امام کے ساتھ غداری ہے۔ (جامع ترمذی کتاب الفتن باب ما اخبر النبی اصحابہ حدیث نمبر:2117)

**خلفائے راشدین کی اطاعت:** حضرت عرباض بن ساریہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

عَلَيْكُم بِسُنَّتِي وَ سُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْن المَهْدِيِّين

تم پر میری سنت اور خلفائے راشدین جو خدا کی طرف سے ہدایت یافتہ ہیں کی سنت کی اطاعت فرض ہے۔ اس طریق کو مضبوطی سے تھام لو اور دانتوں سے اچھی طرح پکڑ کے رکھو۔

(سنن ابوداؤد کتاب السنة باب فی لزوم السنة حدیث 3991 و جامع ترمذی کتاب العلم باب الاخذ بالسنه حدیث نمبر2600)

## سود کے بدنتائج

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

"اَلَّذِیْنَ یَأْکُلُوْنَ الرِّبٰوا (البقرة:276) کمانے کی صورتوں میں سے ایک صورت کمانے کی جہاد کی بہت بھاری دشمن ہے اور وہ سود ہے۔ ربا کے بہت ہی خطرناک نتائج میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ سود خوروں کے اخلاق ایسے خراب ہوتے ہیں کہ ایک سود خوار کے آگے میں نے ایک فقیر کے لیے سفارش کی تو وہ کہنے لگے کہ پانچ روپے میں دے تو دوں گا مگر میرے پاس رہتے تو سو برس میں سود در سود سے سوا لاکھ ہو جاتا۔"

(حقائق الفرقان جلد 1 صفحہ 430)

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2012ء
مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

## نمایاں کامیابی

مکرم انوار الحق خان صاحب سیکرٹری وصایا دارالنصر غربی منعم ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی عزیزہ سعدیہ فاخرہ واقفہ نو نے محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یونیورسٹی آف سرگودھا سے ایم اے ابلاغیات 2010ء میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی۔ 21 فروری 2013ء کو یونیورسٹی آف سرگودھا میں تقسیم اسناد کی تقریب منعقد ہوئی اور وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا نے عزیزہ کو گولڈ میڈل، میرٹ سرٹیفکیٹ اور 30 ہزار روپے کا انعام دیا۔ موصوفہ مکرم عبدالرحیم خان صاحب مرحوم سابق صدر جماعت احمدیہ خوشاب کی پوتی اور مکرم بدر الدین ٹھیکیدار صاحب مرحوم کی نواسی ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ اس کامیابی کو عزیزہ کیلئے مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے نیز جماعت احمدیہ کی بے لوث خدمت کی توفیق عطا فرمائے، نافع الناس وجود بنائے اور ہمیشہ عزیزہ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

# لندن مشن اور اس کے مربیان کے لئے حضرت مصلح موعود کی دعائیں

## اے خدا مجھے اور آنے والے خلفاء کو مربیان کے کام کی نگرانی کرنے کی توفیق دے

سفر یورپ کے دوران 2 نومبر 1924ء کو حضرت مصلح موعود نے حضرت مولانا عبدالرحیم درد صاحب کی درخواست پر ان کی کاپی میں دعائیہ کلمات لکھے تھے۔ وہ برطانیہ میں جماعت کی صد سالہ تقریبات کے حوالہ سے پیش ہیں۔

اے خدا جس نے اپنے فضل سے (دین) کو انسان کی ہدایت کے لئے نازل کیا اور پھر جب لوگوں نے (دین) سے منہ پھیر لیا اور اس کی ہدایات کو بھلا دیا۔ تو پھر ان کی آنکھیں کھولنے کے لئے اور ان کو نور بخشنے کے لئے مسیح موعود کو نازل فرمایا۔ میں تیری زبردست طاقتوں اور تیرے بے انتہا رحم سے مدد مانگتے ہوئے تجھ سے عاجزانہ اور بے کسانہ طور پر عرض کرتا ہوں اور التجا کرتا ہوں کہ میری ان ہدایات میں برکت ڈال اور انگلستان کے مشن احمدیہ میں بعد اس کے کہ وہ ایک مردہ کی طرح تھا۔ زندگی کی روح ڈال اور اس کے کارکنوں کو اپنے فرائض کی ادائیگی کی توفیق بخش اور ان کی سمجھ کو تیز فرما۔ حتیٰ کہ وہ تیری مرضی کو سمجھیں اور اس کے مطابق عمل کریں۔ ان کو محنت، شوق اور عقل سے کام کرنے کی توفیق عطا فرما اور ان کی محنت کو قبول فرما۔ خواہ وہ کتنی بھی حقیر کیوں نہ ہو اور اس کے نیک ثمرات پیدا کر۔ جو سب ملک بلکہ گرداگرد کے ملکوں کو بھی تیری برکتوں سے بھر دیں۔ اے میرے رب ایسا کر کہ ان کا عمل اور ان کا قول اور ان کا فکر اور خیال بھی تیری مرضی اور تیرے منشاء کے خلاف نہ ہو بلکہ ان کا عمل اور ان کا خیال اور ان کا قول تیرے ارادے اور تیرے حکم کے مطابق ہو۔ وہ (دین) کو سمجھیں۔ اور اس کے مطابق عمل کریں اور اس کے مطابق لوگوں کو تعلیم دیں اور لوگوں کے خوف سے (دین) کے کسی حکم کو نہ چھپائیں۔ نہ اس کے کسی حکم کی شکل کو بدلیں۔ لیکن یہ بھی نہ ہو کہ وہ لوگوں کے لئے ٹھوکر کا موجب ہوں اور ان کو ایسی سختی میں ڈالیں۔ جو ان کی برداشت سے بڑھ کر ہو اور بے ضرورت ہو اور تیری خوبصورت ہدایات کو جو انسانی دلچسپی کو اپنی طرف کھینچ لینے والی ہیں۔ ایسی صورت میں پیش کریں کہ وہ لوگوں کو بری نظر آویں اور ان کے دلوں میں داخل نہ ہوں بلکہ نفرت پیدا کریں۔

اے خدا تو ان کو ایسے مخلصین کی جماعت عطا فرما جو ان کے کاموں میں ان کی مددگار ہو۔ اور ان کا ہاتھ بٹانے والی ہو اور دین کے لئے ہر قسم کی قربانیوں کے لئے مستعد ہو اور تیرے احکام کی تعمیل اور ان کی اشاعت میں دلی خوشی محسوس کرتی ہو اور تو اس جماعت کو (دین) کی اشاعت کے کام میں ہمارے (مربیان) کے لئے دایاں بازو بنا اور ان کی کوششوں میں برکت دے اور ان کے حق میں بھی وہ دعائیں سن۔ جو میں نے (مربیان) کے حق میں کی ہیں۔ اے خدا۔ تو اس (بیت الذکر) کو جس کا سنگ بنیاد میں نے لندن میں رکھا ہے۔ بابرکت کر اور اس کو جلد مکمل کرنے کی ہمیں توفیق عطا فرما اور اس کی عمارت کے اپنے فضل سے سامان پیدا کر۔ وہ اعلیٰ درجہ کی برکات کی جگہ ہو اور لوگوں کو اس سے سچی نیکی اور سچی طمانیت حاصل ہو۔ جس میں کوئی کوئی شائبہ بدی یا بے اطمینانی کا نہ ہو۔

اے میرے رب! ہمارے (مربیان) کے متعلق لوگوں کے دل میں محبت اور اخلاص پیدا کر اور ان سے تعاون کی خواہش پیدا کر اور ہمارے (مربیان) کے دلوں میں ان لوگوں کے متعلق جن میں وہ کام کرتے ہیں۔ محبت پیدا کر اور اخلاص پیدا کر۔ ان کو ہر قسم کے الزامات سے پاک رکھ اور ان کی عزت کو محفوظ رکھ۔

اے میرے خدا! (مربیان) کے دلوں میں ایک دوسرے کی نسبت بھی محبت کے جذبات پیدا کر اور جن کی فرمانبرداری ضروری ہے۔ ان کی فرمانبرداری کی ان کو توفیق دے اور جن کے احساسات کا خیال رکھنا مناسب ہے، ان کے احساسات کا خیال رکھنے اور محبت اور نرمی کا سلوک کرنے کی ان کو توفیق عطا فرما۔ اے میرے رب! وہ اندر اور باہر سے ایک ہوں اور محبت اور پیار اور یگانگت اور اتفاق مجسم ہوں۔ اے خدا تو ایسا ہی کر۔

اے میرے رب! میں پھر تیرے رحم اور تیرے فضل اور تیری قدرتوں کے واسطہ سے مدد مانگتے ہوئے تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ میرے اس سفر کو بابرکت فرما اور اب ان ممالک میں نور اور ہدایت پھیلنے کے راستے کھول دے اور (دین) کی اشاعت کے سامان اپنے پاس سے ہی کر دے۔ اے خدا تو ایسا ہی کر۔ اے خدا تو ایسا ہی کر۔ اے خدا تو ایسا ہی کر۔

اے خدا! میں تجھ سے یہ بھی دعا کرتا ہوں کہ مجھے اور میرے بعد آنے والے خلفاء کو احمدی (مربیان) کے کام کی نگرانی اور اس کو صحیح ہدایات دینے کی بے نقص توفیق عطا فرما اور اے خدا تو احمدی (مربیان) کے قلب کے اطمینان کے سامان پیدا کر۔ وہ اپنے عزیزوں اور اپنے دوستوں اور اپنے پیاروں کی حالت سے مطمئن رہیں اور ان کی اولادوں اور ان کی بیویوں اور ان کے دوسرے رشتہ داروں کا تو آپ ہی متکفل ہو اور آپ ہی ان کا مربی ہو۔ اے خدا تو ایسا ہی کر۔ (اللھم آمین! اللھم آمین!! اللھم آمین!!!)

(الفضل 30 اپریل 1925ء)

## مضمون بالا رہا

بات جب کرنا تو میزانِ یقیں میں تولنا
اذن جب ربّ الوریٰ کا ہو تو پھر لب کھولنا
بات کرنا کتنا آساں ہے نتائج دیکھ کر
کس قدر مشکل ہے کچھ ہونے سے پہلے بولنا

آنے والی کل کا نقشہ واضح خال و خد کے ساتھ
معجزہ ایسا دکھا سکتا نہیں انساں کا ہاتھ

سوز تھا لہجے کا، دل کی دھڑکنوں کا ساز تھا
آج دریائے معانی کا عجب انداز تھا
ایسی یکسوئی، توجہ اور ایسا انہماک
جو وہاں موجود تھا وہ گوش بر آواز تھا

چار سُو مہکی ہوئی تنویرِ سلطان القلم
برتر و افضل رہی تحریرِ سلطان القلم

دم بخود وہ بھی وہاں تھے جن کے تیور تھے کڑے
اور بھی اہلِ قلم تھے اور بھی عالم بڑے
نذر کر کے اپنے اپنے وقت کے حصے کے پھول
ورطۂ حیرت میں گم تھے ہاتھ باندھے تھے کھڑے

صرف اپنوں نے نہیں۔ بلکہ یہ غیروں نے کہا
سارے مضمونوں سے مضموں آپ کا بالا رہا

**عبدالکریم قدسیؔ**

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع : ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

# بحر عرفان۔ روحانی زندگی کے راز

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ 2012ء کے موضوعات

(قسط اول)

مرتبہ: مکرم محمد محمود طاہر صاحب

### وقف جدید کے سال نو کا اعلان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 جنوری | 2012ء |
| الفضل | 20 مارچ | 2012ء |

سورۃ آل عمران کی آیت 93 کی تلاوت و ترجمہ کے بعد آپ نے مالی قربانی کے شاندار نمونوں کا ذکر فرمایا کہ کس طرح صحابہ رسول رضوان اللہ علیہم اللہ کی راہ میں اپنے محبوب مال خرچ کرتے تھے۔ آپؐ کی قوت قدسیہ نے صحابہؓ کو ایسا بنا دیا تھا۔ دور حاضر میں حضرت مسیح موعود نے اپنی تربیت سے ایسے لوگ پیدا کئے جو سب کچھ قربان کرنے کے لئے تیار رہتے تھے اور آپ کے رفقاء نے شاندار مالی قربانی کی مثالیں پیش کیں۔ آج دنیا کے ہر خطہ میں احمدی مالی قربانی میں شاندار نظارے پیش کرتے ہیں۔ حضور نے وقف جدید کے سال نو کا اعلان فرمایا اور سال گزشتہ کے کوائف بیان فرمائے۔ پاکستان اول، امریکہ دوم اور برطانیہ سوم رہا۔ چندہ دہندگان میں امسال 90 ہزار افراد کا اضافہ ہوا۔ آخر پر معروف شاعر عبدالمنان ناہید صاحب کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

### عبادت کے لئے استغفار کی ضرورت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 جنوری | 2012ء |
| الفضل | 13 مارچ | 2012ء |

دنیا میں فساد اپنے مقصد پیدائش یعنی عبادت کو بھولنے کی وجہ سے ہے اور اللہ کا قرب حاصل کرنے کی کوشش نہ کرنا ہے۔ اللہ کے فضل اور قرب کو حاصل کرنے کے لئے خالص تعلق باللہ اور عبادت کی ضرورت ہے۔ آنحضورؐ کی ذات اسوہ حسنہ ہے۔ آپؐ کی پیروی کے بغیر قرب الٰہی ممکن نہیں۔ عبادت کے معیار حاصل کرنے کے لئے حقیقی استغفار کی ضرورت ہے۔ حقیقی استغفار یہ ہے کہ اللہ کے برگزیدہ کی پیروی کرتے ہوئے اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور ان سے دور رہنے کا عزم کرو۔

### امر معروف و نہی عن المنکر کی ذمہ داری

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 جنوری | 2012ء |
| الفضل | 27 مارچ | 2012ء |

سورۃ آل عمران آیت 116,115 کی تلاوت و ترجمہ کے بعد فرمایا کہ مومنوں کی نشانی نیکیوں کا حکم دینا، برائیوں سے روکنا، اپنی اصلاح اور نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنا بھی ہے۔ امر معروف کے لئے ضروری ہے کہ انسان اپنی عملی حالت سے ثابت کر کے دکھائے کہ وہ اس قوت کو اپنے اندر رکھتا ہے۔ پس اپنی اصلاح کی طرف توجہ کی بہت ضرورت ہے۔ اپنا عملی نمونہ ایسا بنائیں کہ لوگ اس کو قبول کر لیں۔ تقویٰ کی راہوں پر قدم مارنے والے بن جائیں، اس کے نتیجہ میں قبولیت دعا کا حظ اور ایمان میں زیادتی ہوگی۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے چند مرحومین کا ذکر خیر کر کے ان کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

### مکرم راویل بخاریو صاحب آف رشیا کا ذکر خیر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 جنوری | 2012ء |
| الفضل | 3/اپریل | 2012ء |

حضور انور نے حدیث اذکروا محاسن موتاکم کے تحت فرمایا کہ وفات یافتگان کی خوبیوں اور نیکیوں کا ذکر کرنا چاہئے اس سے نیکیوں کی تحریک اور وفات یافتگان کے لئے دعا اور مغفرت کے سامان پیدا ہوتے ہیں۔ آج حضور انور نے محترم راویل بخاریو صاحب آف رشیا کا ذکر خیر فرمایا۔ آپ 24 جنوری 2012ء کو 61 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ آسمان احمدیت کے آپ روشن ستارے تھے جن کا تعلق رشیا سے تھا۔ آپ احمدیت کے سفیر تھے۔ آپ شاعر، جرنلسٹ، مترجم اور داعی الی اللہ تھے۔ رشین ڈیسک میں غیر معمولی خدمات بجا لائے۔ آپ کو قومی خدمات پر کئی اعزازات سے نوازا گیا۔ بی بی سی نے آپ پر پروگرام نشر کئے۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے چند مرحومین کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

### تقویٰ کا پُر معارف مضمون

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 3 فروری | 2012ء |
| الفضل | 10/اپریل | 2012ء |

حضور نے سورۃ النحل کی آیت 129 کی تلاوت و ترجمہ بیان فرمایا کہ یقیناً اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور وہ جو احسان کرنے والے ہیں۔ تقویٰ وہ بنیادی چیز ہے جو خدا تعالیٰ کا قرب دلاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مومن متقی کی کوشش کو زیادہ پھل لگاتا ہے۔ حقیقی تقویٰ کے ساتھ جاہلیت کبھی جمع نہیں ہوسکتی۔ محسن وہ ہیں جو دوسروں کے لئے درد رکھیں اور ان کی خدمت کے لئے ہر وقت تیار رہیں۔ جماعت احمدیہ افریقہ میں انسانی ہمدردی کے تحت خدمت میں مصروف ہے۔ ہر احمدی کا کام ہے کہ تقویٰ پر چلتے ہوئے محسنین میں شامل ہوتے ہوئے اللہ کے قرب کے نظارے دیکھنے کی کوشش کرے۔ خطبہ کے آخر پر مکرم محمد عامر صاحب ڈسپنسر ہرنائی بلوچستان کی شہادت پر ذکر خیر کیا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

### سورۃ فاتحہ کی روح پرور تفسیر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10 فروری | 2012ء |
| الفضل | 17/اپریل | 2012ء |

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کے ارشادات اور تفسیر کی روشنی میں سورۃ الفاتحہ کی پُر معارف تشریح اور حمد کے فہم وادراک کے بارہ میں خطبہ ارشاد فرمایا۔ تمام محامد اس مستجمع جمیع صفات کاملہ کو ثابت ہیں جس کا نام اللہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ فاتحہ کو اپنے اور بندوں کے درمیان نصف نصف تقسیم کر دیا ہے۔ آدھی میں صفات الٰہیہ اور آدھی سورۃ میں بندے کے حق میں دعا ہے پس ہر ایک کو اس پر غور کر کے اس کے مضامین سے زیادہ سے زیادہ فیضیاب ہونا چاہئے۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے دو مرحوم خواتین کا ذکر خیر فرمایا۔

### پیشگوئی مصلح موعود کا عظیم الشان نشان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 17 فروری | 2012ء |
| الفضل | 24/اپریل | 2012ء |

زندہ مذہب وہی ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی قدرت نمائی کے جلوے ہمیشہ نظر آتے رہیں۔ دین حق کا خدا اپنے بندوں کی دعائیں سنتا اور اپنی قدرت کے جلوے دکھاتا ہے۔ حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کے نتیجے میں جو عظیم الشان نشانات اللہ تعالیٰ نے دکھائے ان میں ایک نشان موعود بیٹے کا تھا۔ اس پیشگوئی کے مصداق حضرت خلیفۃ المسیح الثانی تھے جنہوں نے 1944ء میں خود مصلح موعود ہونے کا اعلان فرمایا۔ آپ کی 52 سالہ خلافت پیشگوئی کے پورا ہونے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یوم مصلح موعود منانے کا حق تبھی ادا ہوگا جب ہم ویسی ہی تڑپ اپنے اندر پیدا کریں گے۔

### بیت الواحد فیلتھم کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 24 فروری | 2012ء |
| الفضل | 2 مئی | 2012ء |

حضور انور ایدہ اللہ نے یہ خطبہ بیت الواحد فیلتھم ہنسلو برطانیہ میں اس کے افتتاح کے موقع پر ارشاد فرمایا۔ بیت الواحد فیلتھم اور ہنسلو کی مشترکہ بیت الذکر ہے۔ ہمارا یہ کام ہے کہ خدا سے زندہ تعلق قائم کریں اور سچائی کے نور کو دنیا میں پھیلائیں۔ ہماری حقیقی خوشی بیوت الذکر کی تعمیر کے ساتھ دین کو اللہ تعالیٰ کے لئے خالص کرتے ہوئے حقیقی عبد بننے میں ہے۔ بیوت الذکر کی تعمیر کا اصل مقصد ان کو آباد کر کے حاصل ہوتا ہے۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے انڈیا کے بعض علاقوں میں احمدیوں پر تنگ حالات کئے جانے پر دعا کی تحریک فرمائی۔

### بیعت کے بعد رفقاء مسیح موعود کی جرأت وشجاعت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 2 مارچ | 2012ء |
| الفضل انٹرنیشنل | 23 مارچ | 2012ء |

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے رجسٹر روایات رفقاء میں بعض ایمان افروز واقعات بیان فرمائے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بیعت کرنے کے بعد رفقاء میں کس قدر ایمانی ترقی ہوئی اور انہوں نے جرأت و شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہر قسم کی مشکلات کا سامنا کیا اور اپنے ایمان میں ترقی کرتے رہے۔ رفقاء نے اپنے

عملی نمونہ سے حضرت مسیح موعود کی صداقت پر مہر تصدیق ثبت کی۔ ایمان لانے کے بعد وہ نیکیوں کے بجالانے میں ایک دوسرے سے بڑھ کر تھے۔ آج بھی قافلہ احمدیت دنیا بھر میں بڑھتا جارہا ہے اور ہر جگہ احمدی اپنے ایمان کے اظہار میں پختہ ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ خطبہ کے آخر پر حضور انور نے مکرم چوہدری محمد اکرم صاحب آف نوابشاہ کی شہادت کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## دین حق پھیلانے کے لئے دعوت الی اللہ کی ضرورت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 9مارچ | 2012ء |
| الفضل | 8 مئی | 2012ء |

دین حق ایک ایسا مذہب ہے جو بندے کو خدا تعالیٰ تک پہنچاتا ہے۔ دین حق کی کامل تعلیم کو آنحضورؐ نے دنیا میں پھیلانے کا حق ادا کیا۔ حضرت مسیح موعود نے دنیا کو خدا کی طرف بلایا۔ دین حق کے خوبصورت باغ کا خوبصورت حصہ بننے اور پھلدار درخت بننے کے لئے حضرت مسیح موعود کے ساتھ جڑنا اب ہر ایک کا فرض ہے۔ آپ کی بیعت میں آنے والوں نے دعوت الی اللہ کا حق ادا کیا۔ رفقاء کے چند واقعات دعوت الی اللہ حضور انور نے بیان فرمائے۔ آج بھی ایم ٹی اے اور لیف لیٹنگ اور تعمیر بیوت الذکر کے ذریعہ دعوت الی اللہ کے مواقع پیدا ہورہے ہیں ان کو آگے بڑھانا چاہئے۔ خطبہ کے آخر پر مقصود احمد صاحب کی شہادت کا ذکر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## دعوت الی اللہ سے متعلق رفقاء کے واقعات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 16 مارچ | 2012ء |
| الفضل | 15 مئی | 2012ء |

رفقاء حضرت مسیح موعود کے دعوت الی اللہ کے میدان میں ہونے والے واقعات اور تجربات کے بیان کرنے کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ بزرگوں کے واقعات سنانے کا مقصد ان کے لئے دعا کی تحریک ہے تا ان کی نیکیاں اور خدمت دین کا جذبہ ان کی نسلوں میں بھی روح پھونکنے والا ہو۔ چند رفقاء کے واقعات کے بعد حضور نے حضرت مسیح موعود کے بعض اقتباسات پیش فرمائے جن میں علوم جدیدہ کو دین حق کے تابع کر کے سیکھنے کی تعلیم فرمائی ہے۔ ضرورت ہے کہ آجکل دین کی خدمت کے لئے بڑی جدوجہد سے علوم جدیدہ حاصل کئے جائیں۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے الحاج عمر ابراہیم سلطان آف اغادیس نائیجر کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## 23 مارچ کے حوالہ سے شرائط بیعت کی تشریح ونصائح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 23مارچ | 2012ء |
| الفضل | 22 مئی | 2012ء |

23 مارچ کو جماعت کے آغاز کے حوالہ سے حضور نے حضرت مسیح موعود کی بیان فرمودہ دس شرائط بیعت کی تشریح حضرت مسیح موعود کے فرمودات کی روشنی میں فرمائی اور جماعت کو زریں نصائح سے نوازا۔ فرمایا اس دنیا میں حضرت مسیح موعود نے جو تعلیم دی ہے اس کی پیروی سے ہی دنیا اور آخرت کی مشکلات سے نجات پائیں گے۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے قیام و استحکام پاکستان کے لئے جماعت احمدیہ کے شاندار کردار کا مختصر تذکرہ فرمایا اور پاکستان کی سالمیت وترقی کے لئے دعا کی تحریک فرمائی۔

## شرائط بیعت اور احمدیوں کی ذمہ داریاں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 30مارچ | 2012ء |
| الفضل | 29 مئی | 2012ء |

حضور انور نے گزشتہ خطبہ جمعہ کے تسلسل میں شرائط بیعت میں مذکور احمدی کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود دین کی حقیقی تعلیم کے مطابق ہماری اعتقادی اور عملی اصلاح کر کے ایک پاک جماعت کا قیام چاہتے تھے۔ عملی اصلاح کے لئے ہمیں تمام برائیوں سے بچنا اور نیکیوں کو اختیار کرنا ہے تا کہ اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کریں۔ معاشرتی برائیوں سے بچنا ہے۔ خدا سے تعلق قائم کرنے کا بہترین ذریعہ نماز ہے۔ زکوۃ کی طرف توجہ کی ضرورت ہے۔ روزہ بھی دین کا اہم رکن ہے۔ اعمال کو اللہ کے حکم کے مطابق بجالانا ہے۔ تب قرب الٰہی پاسکتے ہیں۔

## مکرم ماسٹر عبدالقدوس صاحب کی قربانی پر خراج تحسین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6/اپریل | 2012ء |
| الفضل | 5جون | 2012ء |

حضرت مولوی عبدالرحمان خان اور حضرت صاحبزادہ سید عبداللطیف شہید نے جو جانوں کے نذرانے پیش کرنے کی بنیاد ڈالی تھی وہ سلسلہ جاری ہے۔ پاکستان میں سب سے زیادہ یہ داستانیں رقم ہو رہی ہیں۔ ماسٹر عبدالقدوس صاحب نے پولیس اہلکاروں کا ظلم وستم برداشت کیا اور وحشیانہ بربریت کے آگے استقامت دکھائی۔ ماسٹر قدوس ایک انتہائی مخلص اور نرم دل تھا مگر ایک مضبوط چٹان کی طرح کھڑا ہوگیا۔ عزم و ہمت کے پیکر نے جان دے دی لیکن جھوٹی گواہی نہیں دی۔ اے قدوس ہم تجھے سلام کرتے ہیں کہ تو نے جماعت کی عزت پر حرف نہیں آنے دیا۔ حضور نے احمدیوں کو فرمایا کہ صبر اور دعا ہی ہمارے ہتھیار ہیں۔ اگر تقویٰ، توکل، صبر ثبات قدم اور استغفار سے کام لیں گے تو خدا کے فضل سے فتح کے نظارے جلد تر دیکھیں گے۔

## رفقاء حضرت مسیح موعود کی صبر واستقامت کے بے مثال نمونے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13/اپریل | 2012ء |
| الفضل | 12 جون | 2012ء |

استقامت نہ ہو تو بیعت ناتمام ہے۔ مستقیم وہ ہے کہ سب بلاؤں کو صبر کے ساتھ برداشت کرے۔ درود شریف حصول استقامت کا ذریعہ ہے۔ حضور انور نے رفقائے مسیح موعود کی کچھ روایات اور واقعات بیان فرمائے۔ جن میں ان کی صبر و استقامت اور ان کی دینی غیرت پر روشنی پڑتی ہے اور پھر کس طرح اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ پیار کا سلوک کرتا ہے۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے امۃ الحفیظ خانم صاحبہ اور سید محمد احمد صاحب کا ذکر خیر اور نماز جنازہ پڑھائی۔

## رفقاء کے استقامت و مضبوطی ایمان کے نمونے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20/اپریل | 2012ء |
| الفضل | 19 جون | 2012ء |

گزشتہ جمعہ کا تسلسل جاری رکھتے ہوئے حضور انور نے رفقاء حضرت مسیح موعود کا بیعت کرنے کے بعد عہد بیعت پر صبر واستقامت دکھانے اور اپنے ایمان پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہتے ہوئے بڑھتے چلے جانے کے قابل تقلید نمونے بیان فرمائے جن میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے رفقاء کی معجزانہ حفاظت اور ان کے ساتھ خدا تعالیٰ کے خاص سلوک کا پتہ چلتا ہے۔ حضور نے متعدد رفقاء کی روایات بیان فرمائیں۔ آج بھی جماعت کے افراد مرد اور عورتیں استقامت کے نمونے دکھا رہے ہیں۔ ہر مشکل مصیبت اور وبا سے بچنے کے لئے ہمیں اپنے ایمانوں میں کامل اور مضبوط ہونے کی ضرورت ہے۔

## بیت دارالامان مانچسٹر کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27/اپریل | 2012ء |
| الفضل | 26 جون | 2012ء |

حضور انور نے بیت دارالامان مانچسٹر میں نماز جمعہ پڑھا کر اس کا افتتاح فرمایا۔ حضور انور نے فرمایا کہ دعائے ابراہیمی کی روح کے تتبع میں بیوت الذکر تعمیر ہوتی ہیں اور ہونی چاہئیں ورنہ خوبصورت عمارات تو کوئی چیز نہیں۔ بیوت الذکر کا حسن ان کی آبادی سے ہے جو خالصۃً اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہو۔ حضور نے عبادتوں، قربانیوں اور حقوق العباد میں اعلیٰ معیار قائم کرنے کی تلقین فرمائی۔ حضور نے بیت دارالامان کے کوائف بیان فرمائے اور فرمایا کہ اب اللہ کے فضل سے یورپ میں ہماری 57 بیوت الذکر ہوگئی ہیں۔ جو 8,7 سال پہلے 13 تھیں۔ ہمارا فخر بیوت الذکر بنانے میں نہیں بلکہ ہمارا فخر تب ہوگا جب ہماری ہر بیت الذکر کی آبادی اتنی بڑھ جائے کہ وہ چھوٹی ہو جائے۔ حضور نے رفقاء کے چند واقعات عبادت کی تڑپ کے حوالہ سے بیان فرمائے۔

## رفقاء کا حضرت مسیح موعود کی زیارت کا والہانہ شوق

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 4 مئی | 2012ء |
| الفضل | 17 جولائی | 2012ء |

حضور انور نے رفقاء حضرت مسیح موعود کے وہ واقعات بیان فرمائے جن میں انہوں نے اپنے جذبات، احساسات اور اس شوق کا ذکر کیا ہے جس کے تحت وہ حضرت مسیح موعود کی زیارت کے لئے جایا کرتے اور ملاقات کا شوق رکھتے تھے۔ رفقاء کو آپ کی خدمت میں پہنچ کر ان کو پیچھے کی خبر نہ رہتی اور آپ سے جدا ہونے کو دل نہ چاہتا تھا۔ حضرت مسیح موعود کے چہرہ مبارک کو دیکھ کر دل مطمئن اور دوسری اچھی سے اچھی شکلیں آپ کے سامنے ماند ہوگئیں۔ آپ کی ملاقات کے لئے تکلیفیں برداشت کرتے۔ لیکن انہیں جو فیض ملتا اس سے ایمان میں زیادتی ہوتی۔

## رفقاء کی حضرت مسیح موعود سے سچی محبت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 11 مئی | 2012ء |
| الفضل | 3 جولائی | 2012ء |

حضرت مسیح موعود نے دسویں شرط بیعت میں اپنے سے تعلق و محبت اور اخوت کو اس معیار تک پہنچانا لازمی قرار دیا ہے جس کی مثال دنیا کے کسی رشتے میں نہ ملتی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں آپ سے محبت

کے عظیم الشان نظارے دکھائے۔ حضور انور نے متعدد رفقاء کے واقعات پیش فرمائے جس سے ان کی حضرت مسیح موعود سے سچی محبت اور عشق کا اظہار ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی آپ کی بیعت کا حق ادا کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔ آخر پر حضور نے دو بزرگ خواتین کا ذکر خیر کر کے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔

## جلسہ ہالینڈ کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 18 مئی | 2012ء |
| الفضل | 24 جولائی | 2012ء |

حضور انور بیت النور نن سپیٹ ہالینڈ میں جلسہ سالانہ ہالینڈ کے موقع پر جمعہ پڑھایا اور خطبہ جمعہ کے ساتھ جلسہ ہالینڈ کا افتتاح فرمایا۔ آپ نے جلسہ سالانہ کی اغراض اور مقاصد بیان فرمائیں۔ یہ وہی غرض ہے جو بیعت کی غرض ہے۔ پس اس عہد بیعت کو یاد کر کے اپنی دینی حالتوں کی طرف توجہ کرو۔ تقویٰ کی باریک راہوں پر چلیں۔ ہر احمدی اپنی عبادت کے معیار بلند کرے اور معاشرے کے حقوق ادا کرنے کی طرف توجہ دے۔ آپس کی رنجشیں دور کریں۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے مکرم ناصر احمد صاحب سابق محاسب صدر انجمن کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## رفقاء کی حضرت مسیح موعود کے ساتھ وفاداری

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 25 مئی | 2012ء |
| الفضل | 10 جولائی | 2012ء |

حضور انور نے یہ خطبہ بیت السبوح فرینکفرٹ میں ارشاد فرمایا۔ حضرت مسیح موعود نے مخلص جماعت کے ملنے پر اللہ کا شکر ادا کیا۔ حقیقۃ الوحی میں 76ویں نشان میں اللہ نے وعدہ کیا میں تیری محبت لوگوں کے دلوں میں ڈالوں گا۔ یہ الہام پورا ہوا اور اللہ نے وفا شعار اور اطاعت گزار اور عقیدت مند جماعت آپ کو عطا فرمائی۔ حضور انور نے خطبہ میں حضرت مسیح موعود کی بعض روایات پیش فرمائیں جو وفا، عقیدت، محبت اور اطاعت کے جذبہ سے پُر ہیں۔ اللہ کرے کہ ہم اس زمانے کے امام اور قدرت ثانیہ کے ساتھ وفا، محبت اور اطاعت کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والے ہوں۔ خطبہ کے آخر میں حضور نے طارق احمد صاحب آف لیہ کی شہادت کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## جلسہ سالانہ جرمنی کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | یکم جون | 2012ء |
| الفضل | 31 جولائی | 2012ء |

یہ خطبہ حضور نے جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر جلسہ گاہ کالسروئے میں ارشاد فرمایا۔ جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد بیان فرمائے۔ عبادتوں، دعاؤں، روحانی ترقی، زہد و تقویٰ، اشاعت دین کے کام کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ کے بندوں کے حقوق ادا کرنے، ان سے ہمدردی اور محبت کے ساتھ پیش آنے، نرم دلی، بھائی چارہ، عاجزی و انکساری اور معاشرتی اخلاق اپنے اندر پیدا کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ نوع انسانی پر شفقت بہت بڑی عبادت ہے۔ ایک دوسرے کے حقوق ادا کریں۔ خطبہ کے آخر پر مکرمہ سیدہ امۃ اللہ بیگم صاحبہ اہلیہ پیر صالح الدین صاحب کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## دورہ ہالینڈ و جرمنی کی ایمان افروز روداد

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 8 جون | 2012ء |
| الفضل | 16 اگست | 2012ء |

حضور انور نے بیت الفتوح مورڈن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے اپنے حالیہ دورہ ہالینڈ اور جرمنی کی ایمان افروز روداد بیان فرمائی۔ اس دورہ میں جلسہ ہالینڈ اور جلسہ سالانہ جرمنی کا انعقاد ہوا۔ بہت سے پروگرام ہوئے۔ استقبالیہ تقاریب ہوئیں۔ میڈیا نے وسیع پیمانے پر کوریج دی۔ اللہ تعالیٰ کے افضال کی بارش ہوئی۔ احباب جماعت کے ایمان و ایقان میں ترقی ہوئی اور جماعتی پیغام اخبارات و ٹی وی کے ذریعہ وسیع پیمانے پر پھیلا۔

## رفقاء کے قبولیت دعا کے ایمان افروز واقعات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 15 جون | 2012ء |
| الفضل | 22 اگست | 2012ء |

حضور نے دعا کی حقیقت، قبولیت و آداب دعا کا مضمون بیان فرمایا اور پھر حضرت مسیح موعود کے رفقاء کے قبولیت دعا کے واقعات بیان فرمائے۔ دعا کرنا مرنا ہوتا ہے۔ پوری سوزش اور گداز کے ساتھ کی جانے والی دعاؤں کو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ دعاؤں کی قبولیت اور نشانوں سے اللہ تعالیٰ نے رفقاء کے ایمان کو مزید مضبوط کیا۔ حضور نے فرمایا موجودہ دنیا کے حالات جنگ عظیم کے خطرہ کی طرف جا رہے ہیں۔ اس بارے میں دعا کرنی چاہئے کہ اللہ اس سے محفوظ رکھے۔ حضور نے اپنے آئندہ دورہ امریکہ و کینیڈا کے بارہ میں دعا کی تحریک فرمائی۔

## نماز باجماعت کی اہمیت اور نمازوں کی حفاظت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 22 جون | 2012ء |
| الفضل | 7 اگست | 2012ء |

بیت الرحمٰن میری لینڈ امریکہ میں حضور انور نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور حضرت مسیح موعود کی تیسری شرط بیعت کہ وہ بلاناغہ پنجوقتہ نماز موافق حکم خدا اور رسول ادا کرتا رہے گا کے مطابق نماز باجماعت کے قیام کی طرف احباب کو توجہ دلائی۔ خلافت کا انعام بھی ان لوگوں سے وابستہ ہے جو قیام نماز کی طرف نظر رکھیں گے۔ نمازوں کی حفاظت کریں خصوصاً صلوٰۃ وسطیٰ کی جو مصروفیت کے درمیان آتی ہے۔ امریکہ میں نئی بیوت الذکر بنانے کی طرف توجہ ہے۔ لیکن فائدہ تبھی ہے جب وہ آباد ہوں۔ اپنی پنجوقتہ نمازوں کو ایسے ادا کریں گویا تم خدا کو دیکھتے ہو۔ خطبہ کے آخر پر حضور امر معروف عزیز صاحب مربی انڈونیشیا اور طاہرہ ونڈر مین صاحبہ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ پڑھائی۔

## جلسہ سالانہ امریکہ کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 29 جون | 2012ء |
| الفضل | 28 اگست | 2012ء |

حضور انور نے جلسہ سالانہ امریکہ کے موقع پر جلسہ گاہ ہیرس برگ پنسلوانیا میں خطبہ ارشاد فرمایا اور 64ویں جلسہ سالانہ امریکہ کا افتتاح بھی فرمایا۔ جلسہ سالانہ کی برکات حقیقی تقویٰ و طہارت اور عبادت سے حاصل ہوتی ہیں۔ جلسہ سالانہ ہماری عملی، روحانی، دینی اور علمی حالتوں میں تبدیلی پیدا کرنے کے لئے منعقد ہوتا ہے۔ تقویٰ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حقوق اور اس کے بندوں کے حقوق بھی ادا کریں۔ اللہ کا حق عبادت ہے اور سب سے اہم چیز نماز ہے۔ فرائض کے ساتھ نوافل عبادات ادا کریں۔ اللہ کے بعد بندوں کے حقوق بلا امتیاز مذہب و ملت ادا کرنا ہے۔ میاں بیوی برداشت پیدا کریں۔ کتب مسیح موعود پڑھیں۔ قرآن کی خوبصورت تعلیم کو عام کریں۔

## جلسہ سالانہ کینیڈا کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 جولائی | 2012ء |
| الفضل | 4 ستمبر | 2012ء |

مسی ساگا کینیڈا میں جلسہ سالانہ کینیڈا کے موقع پر حضور نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور اس کے ساتھ ہی جلسہ کا افتتاح ہوا۔ یہ جلسے احمدی کے لئے برکات کا موجب بنتے ہیں۔ اس کا مقصد اللہ سے محبت میں بڑھنا اور بندوں کے حقوق ادا کرنے کی طرف توجہ پیدا کرنا ہے۔ اہم مقصد حصول تقویٰ ہے۔ عبادت انسان کی پیدائش کا مقصد ہے۔ انسانی قدروں کی حفاظت ضروری ہے اور بے حیائی سے بچنا ضروری ہے۔ جلسہ کے ماحول سے فائدہ اٹھائیں اور ہر قسم کی برائی سے بچنے اور نیکیوں کا راستہ اختیار کریں۔ بعض انتظامی باتوں کی طرف توجہ بھی دلائی۔

## جلسہ سالانہ امریکہ و کینیڈا کے کامیاب انعقاد پر شکرگزاری

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 جولائی | 2012ء |
| الفضل | 11 ستمبر | 2012ء |

بیت الاسلام ٹورانٹو میں خطبہ ارشاد فرمایا اور اپنے حالیہ دورہ امریکہ و کینیڈا اور ان کے جلسہ ہائے سالانہ کے کامیاب انعقاد پر جذبات شکر کا اظہار اور احباب جماعت کو شکرگزاری کی تلقین فرمائی۔ اللہ کا شکر کا طریق یہ ہے کہ اس کی طرف زیادہ جھکا جائے اس سے پیار کیا جائے اس کے احسانوں اور فضلوں کو علم میں لایا جائے اور زبانوں کو اس کے ذکر سے تر کیا جائے۔ اپنی کمزوریوں کو دور کیا جائے اور اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کی جائے۔ افراد جماعت نے اخلاص و وفا اور خلافت سے عشق کے خوبصورت نظارے دکھائے۔ دورے کے حالات سنائے۔ لال کتاب میں کمزوریاں درج کرنے کی تلقین فرمائی۔

## دورہ امریکہ و کینیڈا کے احوال۔ اظہار تشکر و حمد

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 جولائی | 2012ء |
| الفضل | 18 ستمبر | 2012ء |

اللہ تعالیٰ کا شکرگزار بندہ بننے اور اللہ تعالیٰ کی حمد کا مضمون بیان فرمایا۔ ایک مومن کی شان ہے کہ جب وہ بندوں کے احسانوں کا شکرگزار ہوتا ہے تو احسان کا منبع اللہ کی ذات کو ہی سمجھتا ہے۔ امریکہ اور کینیڈا کے احمدی نوجوانوں کے تعلقات کے ذریعہ بلند ایوانوں تک پیغام حق پہنچانے کی توفیق ملی۔ اس پر نوجوانوں کو اللہ کا شکرگزار ہونا چاہئے۔ ہماری توجہ صرف اللہ کی طرف رہنی چاہئے۔ پاکستان سے اسائلم سیکرز کو اللہ تعالیٰ کا شکرگزار بننے کی تلقین فرمائی۔ رمضان سے ہر احمدی کو فائدہ اٹھانا چاہئے۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے محترم نعیم احمد گوندل صاحب اورنگی ٹاؤن کراچی کی شہادت اور صاحبزادہ مرزا حفیظ احمد صاحب کی وفات کا ذکر کر کے نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## برکات رمضان۔ چوہدری شبیر احمد صاحب کا ذکر خیر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 جولائی | 2012ء |
| الفضل | 25 ستمبر | 2012ء |

خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اس بابرکت ماہ رمضان سے فائدہ اٹھائیں۔ اپنا محاسبہ کرتے ہوئے روزے رکھیں۔ رمضان میں ہر ایک کو کوشش کرنی

چاہئے کہ اپنے قبلے درست کریں۔ اپنی قولی اور عملی سچائیوں کے معیار بلند کرے اور اللہ کی رضا کی جنتوں میں جانے کی کوشش کرے۔ حضور انور نے بعض مرحومین کا ذکر فرمایا۔ ان میں محترم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول کے تفصیلی ذکر کے بعد مقبول احمد ظفر صاحب مربی سلسلہ، معراج سلطانہ صاحبہ اہلیہ حکیم بدرالدین عامل قادیان، مکرمہ مریم سلطانہ صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر محمد احمد صاحب شہید آف کوہاٹ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## خشیت اللہ کے مضمون کی پُر معارف تشریح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 3/اگست | 2012ء |
| الفضل | 2/اکتوبر | 2012ء |

حضور نے آغاز میں سورۃ مومنون کی آیت 58 تا 62 و سورۃ بینہ کی آیت 9 کی تلاوت و ترجمہ بیان فرمایا۔ گزشتہ خطبہ میں حضور نے اللہ کی خشیت دل میں رکھتے ہوئے روزے رکھنے کی تلقین فرمائی تھی۔ اس خطبہ میں حضور نے خشیت اللہ کے مضمون کی پُر معارف تشریح بیان فرمائی۔ حقیقی علم خشیت اللہ پیدا کرتا ہے۔ آنحضرتؐ نے اپنی دعاؤں میں بھی اس مضمون کو شامل فرمایا ہے۔ حضور نے آنحضورؐ کی بعض دعاؤں کے حوالہ سے رمضان میں خصوصیت سے اللہ تعالیٰ کی خشیت کی روح کو سمجھتے ہوئے زندگیاں گزارنے کی نصیحت فرمائی۔ حضرت مسیح موعود نے ہمیں حقیقی دین کھول کر بتایا اور سکھایا ہے۔ قرآن کریم کا فہم و ادراک ہمیں حاصل کروایا اور اللہ تعالیٰ کی خشیت کی حقیقت کھول کر بیان فرمائی۔

## رمضان کے فیوض و برکات سے فائدہ اٹھائیں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10/اگست | 2012ء |
| الفضل | 9/اکتوبر | 2012ء |

حضور نے آغاز میں سورۃ البقرہ کی آیت 187 کی تلاوت و ترجمہ بیان فرمایا اور پھر پُر معارف تشریح فرمائی۔ اب ہم رمضان کے آخری عشرہ سے گزر رہے ہیں ایک مومن کو رمضان سے زیادہ سے زیادہ فیض پانے کی فکر ہونی چاہئے۔ رمضان نیکیوں کی طرف توجہ دلانے والے مواقع میں سے ایک انتہائی بابرکت موقع ہے۔ حقیقی عبد بننے کے لئے ضروری ہے کہ انسان خدا کے رنگ میں رنگین اور اس کی صفات کا مظہر بن جائے۔ اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرکے۔ خدا کی صفات اپنا کر عبادت کا حق ادا کرکے اس رمضان سے گزریں۔ ہر سطح کے عہدیداران اور واقفین زندگی کو بھی اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے۔ امر بالمعروف ونہی عن المنکر پر عمل کرنے کی تلقین۔

## احکام الٰہی پر عمل اور اسوہ رسولؐ کی پیروی

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 17/اگست | 2012ء |
| الفضل | 16/اکتوبر | 2012ء |

سورۃ احزاب آیت 22 اور سورۃ آل عمران آیت 32 کی تلاوت و ترجمہ کے بعد فرمایا کہ اللہ نے اپنے فضلوں کا وارث بننے کے لئے ہمیں عبد بننے کا حکم فرمایا ہے۔ ایسے عبد احکام الٰہی پر عمل کرکے اور اسوہ رسولؐ کی پیروی کی صورت میں بنتے ہیں۔ خدا کا قرب تب ملے گا جو عبد کامل ﷺ کے اسوہ پر چلیں گے۔ قرآن کے چھ سو احکامات پر عمل کرنا ضروری ہے اس کے ساتھ اسوہ رسولؐ پر عمل کرنا ہے۔ معاشرتی تعلقات میں آنحضورؐ کے ارشادات اور آپؐ کا اسوہ بیان فرمایا۔ رمضان کے بقیہ دنوں میں خوب دعائیں کریں۔

## عیدالفطر کی حقیقی خوشی اور فلسفہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ عیدالفطر | 20/اگست | 2012ء |
| خلاصہ الفضل | 23/اگست | 2012ء |

بیت الفتوح مورڈن لندن میں حضور نے نماز عید الفطر پڑھائی اور خطبہ عید ارشاد فرمایا۔ سورۃ حٰم السجدہ کی آیت 31 تا 33 کی تلاوت و ترجمہ بیان کرنے کے بعد عید الفطر کی حقیقی خوشیاں اور ان کے منانے کے طریق اور اس کا فلسفہ بیان فرمایا کہ حقیقی عید خدا تعالیٰ کا حقیقی عبد بننے سے حاصل ہوتی ہے۔ رمضان منانا بھی خوشی حاصل کرنے کا ایک طریق ہے۔ حقیقی عید اور حقیقی خوشیاں پانے کے لئے قرآن کریم کی تعلیم کا ادراک حاصل کریں۔ مستقل مزاجی اور استقامت کے ساتھ رمضان کی عبادتوں اور نیکیوں کو بعد میں بھی جاری رکھیں۔ مشکل میں گرفتار احمدیوں کے لئے دعا کی تحریک بھی فرمائی۔ دعا کے بعد حضور نے عید مبارک کا تحفہ پیش فرمایا۔

## رفقاء کے اخلاص و وفا اور ثابت قدمی کے واقعات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 24/اگست | 2012ء |
| الفضل | 23/اکتوبر | 2012ء |

حضور نے رفقاء حضرت مسیح موعود کی قبول احمدیت کے واقعات بیان فرمائے اور پھر ان کے اخلاص و وفا، قربانیوں، مشکل حالات سے گزرنے کے حالات سنائے جو یقیناً ان کی نسلوں اور ہمارے لئے ایمان و ایقان میں اضافے کا موجب ہیں۔ یہ واقعات سیرت مسیح موعود کے اعلیٰ پہلو بھی اجاگر کرتے ہیں۔ حضور انور نے آخر پر محترم محمد ہاشم سعید صاحب آف یوکے حال سعودی عرب کی وفات پر ان کا ذکر خیر فرمایا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایسے تقویٰ شعار کارکن جماعت کو ہمیشہ عطا فرماتا رہے۔

## جلسہ برطانیہ کی انتظامیہ کو زریں ہدایات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 31/اگست | 2012ء |
| الفضل | یکم نومبر | 2012ء |

جلسہ سالانہ برطانیہ کی آمد سے قبل حضور انور نے حسب روایت جلسہ برطانیہ کے کارکنان اور انتظامیہ کو جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے مہمانوں کی مہمان نوازی کے بارہ میں اصولی ہدایات اور زریں نصائح سے نوازا۔ حضرت مسیح موعود کے مہمانوں کی مہمان نوازی کو فضل الٰہی سمجھیں اور قربانی کے جذبے کے تحت اپنی خدمات پیش کریں۔ ہر کارکن کو خلیفہ وقت کے اعتماد پر پورا اترنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ سیکیورٹی کے کارکنان ڈسپلن قائم رکھیں لیکن پیار و محبت سے سمجھائیں۔ غیروں کو اپنے اخلاق سے متاثر کریں۔ حضور انور نے ڈیوٹی والوں کو ہدایات اور نصائح کے حوالے سے ربوہ کے جلسوں کی یادوں کو بھی تازہ کیا اور پاکستان کے احمدیوں کے لئے دعا کی تحریک فرمائی۔

## جلسہ برطانیہ کا آغاز

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 7 ستمبر | 2012ء |
| الفضل | 6 نومبر | 2012ء |

حضور نے جماعت احمدیہ برطانیہ کے 46ویں جلسہ سالانہ کے موقع پر حدیقۃ المہدی ہمپشائر میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور فرمایا کہ یہ جمعہ جلسہ کا حصہ ہی ہے اور اصل میں یہی افتتاح ہے۔ جلسے کا مقصد حصول تقویٰ وطہارت اور معرفت میں ترقی ہے۔ آپس میں پیار محبت، نرم دلی قائم کریں۔ بھائی چارے کی اعلیٰ مثال بن جائیں۔ یورپ کے احمدی اسائلم سیکرز کو سچائی کے معیار بلند کرنے کی تلقین۔ دعا، تہجد، درود، استغفار کی نصیحت شاملین جلسہ کو بعض انتظامی امور میں تعاون کرنے کی طرف توجہ اور اصولی راہنمائی۔ پاکستانی احمدیوں کے لئے دعا کی تحریک۔ آخر میں راؤ عبدالغفار صاحب کراچی، صاحبزادی قدسیہ بیگم صاحبہ، چوہدری نذیر احمد صاحب اور فراز محمود صاحب آف شام کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## جلسہ سالانہ برطانیہ کا کامیاب انعقاد

### کتب حضرت مسیح موعود کی خریداری کی طرف توجہ

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

چھوٹے چھوٹے ٹریکٹ مجھے پسند ہیں کیونکہ آدمی کھڑے کھڑے پڑھ سکتا اور نفع اٹھالیتا ہے اور معلوم نہیں کہ کب کس پر اثر ہوجائے۔ مگر چھوٹے چھوٹے رسالوں کے سبب حضرت مسیح موعود کی کتابوں کی خریداری کم ہوگئی ہے۔ ان میں جو درد ہے وہ اوروں میں ملنا مشکل ہے۔

(خطبات نور ص555)

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 14 ستمبر | 2012ء |
| الفضل | 13 نومبر | 2012ء |

جلسہ سالانہ برطانیہ کے کامیاب انعقاد پر اللہ تعالیٰ کی شکرگزاری کی اور کارکنان جلسہ کا شکریہ ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ یہ جلسہ ہر لحاظ سے کامیاب رہا اور گزشتہ کی نسبت بہتر تھا۔ اگر ہم اپنی کمزوریوں کی اصلاح کے لئے تیار رہیں تو پھر ہمیشہ بہتری کی طرف ہمارے قدم بڑھتے رہیں گے۔ غیروں نے بھی بہت اچھے تاثرات کا اظہار کیا۔ ایم ٹی اے نے بہت اچھے پروگرامز پیش کئے ایم ٹی اے العربیہ بھی لائیو پروگرام دیتا رہا۔ ایم ٹی اے کو انٹرنیٹ کے ذریعہ بھی وسعت دی گئی۔ خطبہ کے آخر پر چند مرحومین کا ذکر خیر اور ان کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## توہین رسالت پر مبنی بیہودہ فلم کی شدید مذمت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 21 ستمبر | 2012ء |
| الفضل | 20 نومبر | 2012ء |

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الاحزاب کی آیت 58,57 کی تلاوت و ترجمہ کے بعد آنحضرتؐ کی عزت و ناموس پر حملہ کی گھناؤنی سازش جو ایک بیہودہ فلم بنا کر کی گئی اس کی شدید مذمت کی اور دنیا کو اس بارے میں انتباہ کیا۔ اس سے امت کے دل چھلنی ہوئے ہیں۔ دشمنان اسلام نے آنحضورؐ کی عزت و ناموس پر حملہ کرکے عذاب الٰہی کو دعوت دی ہے۔ انبیاء کی بے حرمتی بہت بڑا گناہ اور دنیا میں فساد پھیلانے کا سبب ہے۔ آنحضورؐ پر بکثرت درود و سلام بھیجیں اور آپؐ کی سیرت طیبہ کو عام کریں۔ احمدی درست ردّ عمل دکھائیں۔ اپنے ہی ملک اور شہروں کو جلانا غلط ہے۔ خطبہ کے آخر پر کراچی کے دو نوجوان شہداء کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

# اطلاعات و اعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## تقریب آمین

مکرم سہیل طاہر صاحب ابن مکرم کرامت خاں صاحب چک نمبر 32/2R ضلع اوکاڑہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی شافعہ طاہر نے 7 سال کی عمر میں قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کرلیا ہے۔ قرآن کریم پڑھانے کی سعادت اس کی والدہ مکرمہ امۃ المتین صاحبہ کو حاصل ہوئی۔ مورخہ 10 نومبر 2012ء کو گھر میں تقریب آمین منعقد ہوئی۔ مکرمہ طاہرہ مسعود صاحبہ سیکرٹری تعلیم و تربیت لجنہ اماء اللہ چک نمبر 32/2R نے قرآن کریم سنا اور دعا کروائی۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو قرآن کریم پڑھنے، پڑھانے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق بخشے نیز اس کے دل کو نور قرآن سے منور کردے۔ آمین

## جائزہ کیمپ

(واقفین نو ضلع رحیم یارخان)

مورخہ 3 فروری 2013ء کو واقفین نو ضلع رحیم یارخان کا ایک جائزہ کیمپ منعقد کیا گیا۔ 7 سال سے بڑے واقفین نو کی عمر کے لحاظ سے نصاب کا جائزہ لیا گیا۔ ناصرات و لجنات کا نصاب سننے کے لئے صدر صاحبہ لجنہ نے تعاون کیا۔ خدام و اطفال سے مربیان و معلمین نے جائزہ لیا۔ اس پروگرام میں کل 43 واقفین نو نے شرکت کی۔ جائزہ کے بعد اختتامی تقریب میں تلاوت و نظم کے بعد محترم شمیم پرویز صاحب نائب وکیل وقف نو نے نصائح کیں اور پوزیشن لینے والوں کو انعامات دیئے۔ مکرم عبدالحمید صاحب امیر ضلع رحیم یارخان نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور مکرم نعیم اکرم باجوہ صاحب مربی ضلع رحیم یارخان نے دعا کروائی۔

## سانحہ ارتحال

مکرم ناصر احمد صاحب سیالکوٹی سیکرٹری وقف نو باب الابواب شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی ممانی مکرمہ نصرت جہاں صاحبہ اہلیہ مکرم مقصود احمد بابر صاحب آف ویروال ضلع سیالکوٹ گزشتہ چار سال سے مرض شوگر میں مبتلا تھیں۔ جسم میں شوگر کی وجہ سے کافی لاغری ہوچکی تھی۔ مورخہ 15 فروری 2013ء کو بعمر 48 سال وفات پاگئیں۔ مورخہ 16 فروری کو محترم وقاص اکمل صاحب مربی سلسلہ ربوہ کے نے نماز جنازہ پڑھائی اور اس کے بعد تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کے احمدیہ قبرستان میں تدفین کے بعد مکرم مربی صاحب نے ہی دعا کروائی۔ مرحومہ نے پسماندگان میں تین بیٹے دو بیٹیاں اور ایک شوہر یادگار چھوڑے ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم چوہدری عبدالحمید صاحب احمد نگر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ محترمہ غلام فاطمہ صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری عبدالقدیر صاحب احمد نگر ربوہ 16 فروری 2013ء کو بقضاء الٰہی وفات پاگئیں۔ دو بچوں کی بیرون ملک سے آمد کے بعد پہلے مقامی طور پر نماز جنازہ ادا کی گئی۔ بعد میں بیت المبارک ربوہ میں 18 فروری 2013ء کو نماز عصر کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی۔ مرحومہ مکرم چوہدری شادی خاں صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی تھیں۔ پنجوقتہ نماز کی پابند تھیں۔ وفات سے چند ماہ قبل کا عرصہ نیم بے ہوشی میں گزارا جب بھی ہوش آتا نماز پڑھنا شروع کردیتی تھیں۔ ایک حدیث کی تعمیل میں زندگی بھر ہر جمعہ کے روز سورۃ کہف کی تلاوت معمول رہا۔ آپ کے شوہر مکرم چوہدری عبدالقدیر صاحب مرحوم کو خلافت ثانیہ میں بحیثیت باڈی گارڈ اور خلافت ثالثہ میں بحیثیت پہریدار عملہ حفاظت میں خدمت کی توفیق ملی۔ تقریباً 30 سال کا عرصہ بیوگی میں نہایت صبر اور حوصلے سے گزارہ اور تمام بچگان کی بطریق احسن تربیت کی۔ بفضل اللہ تعالیٰ تمام بچے شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں۔ والدہ مرحومہ کو حج کرنے کی شدت سے خواہش تھی۔ آمدورفت کے اخراجات جمع کئے۔ مگر جب عمومی رکاوٹوں کا علم ہوا تو تمام جمع شدہ رقم مقامی بیت الذکر کو تحفہ کے طور پر پیش کردی۔ والدہ مرحومہ کو جلسہ سالانہ قادیان اور دو مرتبہ جلسہ سالانہ انگلستان میں شمولیت کی توفیق ملی۔ والدہ مرحومہ کی وفات سے چند دن قبل 31 جنوری 2013ء کو خاکسار کی اہلیہ محترمہ ثمینہ ناز صاحبہ بعمر 48 سال طویل بیماری کے بعد فضل عمر ہسپتال ربوہ میں وفات پاگئی تھیں۔

اہلیہ محترمہ تقریباً 6 سال بیمار رہیں۔ آخری دو سال مسلسل مصنوعی سانس اور آکسیجن دی جاتی رہی۔ یہ عرصہ مرحومہ نے صبر اور حوصلے سے گزارا اور کبھی شکوہ زبان پر نہیں آیا۔ اہلیہ کی وفات سے خاکسار کے تین چھوٹے بچے اپنی والدہ کی شفقت سے مرحوم ہو گئے ہیں احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ والدہ محترمہ اور اہلیہ محترمہ کے درجات بلند فرمائے۔ جنت الفردوس میں اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔ اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ خصوصاً میرے چھوٹے بچے جو صدمہ کی کیفیت میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ خود ان کا متکفل اور حامی و ناصر ہو اور ان بچوں کو دین و دنیا کی حسنات سے نوازے۔ آمین

## رزلٹ میڈیکل سکالرشپ 2012ء

نظارت تعلیم کے تحت دیئے جانے والی انعامی میڈیکل سکالرشپ کا موصولہ درخواستوں سے رزلٹ شائع کیا جارہا ہے۔ یہ انعامات میرٹ کی بنیاد پر موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو دیئے جاتے ہیں۔ یہ اعلان روزنامہ الفضل مورخہ 2 مارچ 2013ء میں شائع ہوئے ہیں۔ میڈیکل سکالرشپس میں بعض غلطیاں تھیں جو درستی کے ساتھ ساتھ دوبارہ شائع کی جارہی ہیں۔

## میڈیکل سکالرشپس

یہ سکالرشپس صرف ان طلباء وطالبات کے لئے ہیں جن کا داخلہ MBBS ہو چکا ہے۔ جن طلباء وطالبات کے داخلہ جات MBBS میں ہو چکے ہیں صرف انہی کو یہ سکالرشپس ملتا ہے۔ پوزیشن بلحاظ نمبرز ہوتی ہے۔

### مرزا مظہر احمد میڈیکل سکالرشپ

| نام | ولدیت | حاصل کردہ نمبر | پوزیشن | ادارہ جہاں داخلہ ہوا ہے۔ |
|---|---|---|---|---|
| ملیحہ سلیم | سلیم احمد | 92.73% | اول | راولپنڈی میڈیکل کالج |

### ڈاکٹر عبدالسمیع سکالرشپ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ماریہ رفعت | رفیع احمد بشارت | 92.18% | دوم | پنجاب میڈیکل کالج، فیصل آباد |

### سندس باجوہ سکالرشپ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| انیلہ عارف | محمد عارف | 91.27% | سوم | کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی |

### سندس باجوہ سکالرشپ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| توقیر احمد | لیاقت علی دلشاد | 90.73% | چہارم | کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور |

### امۃ الکریم زیروی سکالرشپ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ماہِ طلعت | ڈاکٹر لطیف احمد | 90.55% | پنجم | امیر الدین میڈیکل کالج لاہور |
| سعدیہ مبشر | مبشر احمد خالد | 90.36% | ششم | کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور |

### ملک دوست محمد سکالرشپ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نور الفلاح | قمر لطیف | 90.09% | ہفتم | کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور |

### حفیظن بیگم مرزا عبدالحکیم بیگ سکالرشپ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تنزیلہ رفیق | محمد رفیق | 90.00% | ہشتم | سروسز انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز |

### رفیع اظہر سکالرشپ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اقراء بشیر | بشیر احمد | 89.91% | نہم | سرگودھا میڈیکل کالج |

(نظارت تعلیم)

**گوندل کے ساتھ پچاس سال**

☆ گوندل کراکری سے گوندل بینکوئیٹ ہال
☆ ترقی معیار اور خدمت کی گولڈن جوبلی

بکنگ آفس: گوندل کیٹرنگ گولبازار ربوہ
ہال: سرگودھا روڈ ربوہ

فون: 0300-7709458,0301-7979258, 6212758

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

## پروگراموں میں 20,15 منٹ کی کمی بیشی یا تبدیلی کی جاسکتی ہے

### 15 مارچ 2013ء

| | |
|---|---|
| 12:30 am | فیتھ میٹرز |
| 1:25 am | آئینہ |
| 2:10 am | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 3:15 am | آؤ کہانی سنیں |
| 3:40 am | سچائی کا نور |
| 4:50 am | عالمی خبریں |
| 5:10 am | تلاوت، درس حدیث |
| 5:35 am | یسرنا القرآن |
| 6:10 am | حضور انور کی پریس کانفرنس کی رپورٹ دسمبر 2012ء |
| 7:15 am | جاپانی سروس |
| 8:20 am | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9:20 am | آئینہ |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت، درس حدیث |
| 11:30 am | یسرنا القرآن |
| 11:55 am | حضور انور کا دورہ غانا |
| 12:55 pm | سرائیکی سروس |
| 1:25 pm | راہ ہدیٰ |
| 3:00 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:10 pm | فقہی مسائل |
| 4:40 pm | تلاوت |
| 5:05 pm | سیرت النبیؐ |
| 6:00 pm | خطبہ جمعہ LIVE |
| 7:15 pm | یسرنا القرآن |
| 7:40 pm | بنگالی سروس |
| 8:45 pm | خلافت احمدیہ سال بہ سال |
| 9:20 pm | خطبہ جمعہ نشر مکرر |
| 10:30 pm | یسرنا القرآن |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:20 pm | دورہ حضور انور |

### 16 مارچ 2013ء

| | |
|---|---|
| 12:30 am | رئیل ٹاک |
| 1:25 am | فقہی مسائل |
| 2:00 am | خطبہ جمعہ نشر مکرر |
| 3:15 am | راہ ہدیٰ |
| 5:00 am | عالمی خبریں |
| 5:20 am | تلاوت |
| 5:40 am | یسرنا القرآن |
| 6:15 am | حضور انور کا دورہ غانا |
| 7:15 am | خطبہ جمعہ 15 مارچ 2013ء |
| 8:20 am | راہ ہدیٰ |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت |
| 11:10 am | الترتیل |
| 11:45 am | جلسہ سالانہ سپین 2010ء |
| 12:45 pm | جماعتی خبریں |
| 1:15 pm | مجلس سوال وجواب |
| 2:40 pm | انڈونیشین سروس |
| 3:40 pm | خطبہ جمعہ 8 مارچ 2013ء |
| 4:50 pm | تلاوت |
| 5:05 pm | سٹوری ٹائم |
| 5:30 pm | الترتیل |
| 6:00 pm | انتخاب سخن LIVE |
| 7:05 pm | بنگالی سروس |
| 8:15 pm | سپاٹ لائیٹ |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ LIVE |
| 10:30 pm | الترتیل |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:25 pm | جلسہ سالانہ سپین 2010ء |

### 17 مارچ 2013ء

| | |
|---|---|
| 12:30 am | فیتھ میٹرز |
| 1:25 am | جماعتی خبریں |
| 1:55 am | راہ ہدیٰ |
| 3:30 am | سٹوری ٹائم |
| 3:55 am | خطبہ جمعہ نشر مکرر |
| 5:10 am | عالمی خبریں |
| 5:25 am | تلاوت درس ملفوظات |
| 5:50 am | الترتیل |
| 6:20 am | جلسہ سالانہ سپین 2010ء |
| 7:25 am | سٹوری ٹائم |
| 7:50 am | خطبہ جمعہ نشر مکرر |
| 9:05 am | سپاٹ لائیٹ |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت، درس حدیث |
| 11:30 am | یسرنا القرآن |
| 12:00 pm | گلشن وقف نو |
| 1:05 pm | فیتھ میٹرز |
| 2:00 pm | مجلس سوال وجواب |
| 3:10 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:15 pm | سپینش سروس |
| 5:25 pm | تلاوت |
| 5:40 pm | یسرنا القرآن |
| 6:05 pm | خطبہ جمعہ |
| 7:15 pm | بنگالی سروس |
| 8:25 pm | کسوٹی |
| 9:00 pm | پریس پوائنٹ |
| 10:00 pm | کڈز ٹائم |
| 10:35 pm | یسرنا القرآن |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:30 pm | گلشن وقف نو |

## درخواست دعا

مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم انور طاہر صاحب مربی سلسلہ سلطان پورہ لاہور کو مورخہ 4 مارچ 2013ء کو برین ہیمبرج ہوا ہے اور شیخ زاید ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ زیادہ اثر چہرہ پر ہے۔ لقوہ کی کیفیت اور زبان بند ہے۔ ان کا بیٹا معذور اور بیٹی کینسر کی مریضہ ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور تمام مشکلات دور کرے اور اپنی امان میں رکھے۔ آمین

## گمشدہ بٹوہ

مکرم محمد یعقوب صاحب زعیم مجلس انصار اللہ ناصر آباد جنوبی عظیم پارک ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 3 مارچ 2013ء کو بوقت 2 بجے دوپہر ایوان محمود سے دار الشکر جنوبی اور دار الشکر جنوبی سے ناصر آباد جنوبی جاتے ہوئے خاکسار کا بٹوہ گر گیا ہے جس میں نقدی اور دوسری اشیاء تھیں۔ جن صاحب کو بٹوہ ملا ہو از راہ مہربانی مجھے پہنچا کر ممنون فرمائیں۔ شکریہ

### ربوہ میں طلوع وغروب 6۔مارچ

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:04 |
| طلوع آفتاب | 6:28 |
| زوال آفتاب | 12:22 |
| غروب آفتاب | 6:11 |

جوڑوں کا درد۔ پٹھوں کا درد۔ اعصابی کمزوری
عنبری
کے استعمال سے اللہ کے فضل سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔
فی ڈبی -/350 روپے
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
فون:047-6212434

آرکو
آرکو ٹیلر
اچکن کوٹ پینٹ سفاری سوٹ، قمیص، شلوار سپیشلسٹ
کالج روڈ ربوہ فون نمبر:03336718183
پروپرائیٹر: مرزا محمد اکبر
آرکو

لہنگا، ساڑھی اور عروسی ملبوسات کا مرکز
ورلڈ فیبرکس
ملک مارکیٹ نزد یوٹیلٹی سٹور ربوہ
نوٹ: ریٹ کے فرق پر خریدا ہوا مال واپس ہو سکتا ہے۔

FRS RABWAH
اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
فیوچر ریس سکول ربوہ
یورپین طرز تعلیم، کوئی ہوم ورک نہیں۔
گزشتہ سال پرائمری بورڈ میں شاندار رزلٹ
نرسری تا پنجم داخلے جاری ہیں۔
دار الصدر شرقی عقب فضل عمر ہسپتال ربوہ
فون:047-6213194 موبائل 0332-7057097

FR-10

FB FINE & THE BEST
CENTRE FOR CHRONIC DISEASES
ٹیومرز، دل، گردے، مثانے، سانس، مرگی، بچوں کی قبض، دمہ، چڑچڑاپن۔ ایام کی خرابیاں اور دیگر امراض کیلئے اعتماد کے ساتھ تشریف لائیں۔
ہمارے ہاں تمام زنانہ، بچگانہ، مردانہ بیماریوں کا تسلی بخش علاج کیا جاتا ہے
کلینک کے اوقات صبح 10 تا 1 بجے دوپہر عصر تا عشاء
047-6005688,0300-7705078
پتہ: طارق مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ
نوٹ: یہاں صرف نسخہ تجویز کیا جاتا ہے